## کراچی میں طالبانائزیشن کا عمل تیز ہوگیا ہے،شہر کے دوعلاقوں سلطان آباد اور پختون آباد میں طالبان کا نظام نافذ کردیا گیا ہے۔الطاف حسین

## وہاں سی ڈیز کی دکانیں بند کرادی گئی ہیں اور کیبل آپریٹرز کو دھمکی دی گئی ہے کہ وہ ان علاقوں میں کیبل بند کردیں

## کراچی میں طالبانائزیشن کے ثبوت بھی سامنے آرہے ہیں مگر حکام کہتے ہیں کہ انہیں کوئی اطلاع نہیں

## ہم کراچی میں طالبان کا نظام مسلط نہیں ہونے دینگے۔لندن میں ایم کیوایم UK کی دعوت افطار سے خطاب

لندن۔۔۔29 ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ کراچی میں طالبانائزیشن کا عمل تیز ہوگیا ہے اور شہر کے دوعلاقوں سلطان آباد اور پختون آباد میں طالبان کا نظام نافذ کردیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم کراچی میں طالبان کا نظام مسلط نہیں ہونے دینگے،ہم کسی سے لڑنا نہیں چاہتے لیکن اگر طالبان نے کراچی کے علاقوں پر حملہ کیا تو ہم شریعت کے مطابق اپنا بھرپور دفاع کریں گے۔جناب الطاف حسین نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز لندن میں ایم کیوایم یوکے یونٹ کے زیر اہتمام منعقد کی گئی دعوت افطار سے ٹیلیفون پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجتماع میں یوکے یونٹ کے کارکنوں اور ہمدرد نوجوانوں،بزرگوں اور خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں نے کبھی قوم کو سبز باغ نہیں دکھائے،کبھی قوم سے جھوٹ نہیں بولا بلکہ ہمیشہ حقائق بیان کئے،میں گزشتہ کئی روز سے عوام کو آگاہ کررہا ہوں کہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازشیں کی جارہی ہیں جس پر بعض لوگوں نے یقین نہیں کیا لیکن تین روز قبل کراچی کے علاقے بلدیہ ٹاؤن میں پولیس مقابلہ میں جو تین دہشت گرد مارے گئے ہیں ان کا تعلق ایک کالعدم جہادی تنظیم سے تھا اور انکے پاس سے بھاری مقدار میں انتہائی خطرناک اور مہلک بارود C4،آرڈی ایکس اور دیگر اسلحہ برآمد ہوا۔یہ دہشت گرد نشتر پارک میں اہل سنت کی کانفرنس میں علمائے کرام سمیت پچاس سے زائد افراد کی شہادت اور ممتاز شیعہ عالم علامہ حسن ترابی کو شہید کرنے کی وارداتوں میں ملوث تھے اور یہ دہشت گرد کراچی میں کسی بڑے خودکش دھماکے کی تیاری کررہے تھے اور اگر خدانخواستہ یہ لوگ دھماکہ کرنے میں کامیاب ہوجاتے تو شہر میں بہت بڑی تباہی آتی اور کئی معصوم جانیں جاتیں۔انہوں نے کہا کہ بلدیہ ٹاؤن میں رونما ہونے والا یہ واقعہ اس بات کا ثبوت ہے کہ میں کراچی میں طالبانائزیشن کے بارے میں جو کہہ رہا تھا وہ جھوٹ نہیں بلکہ سچ تھا۔انہوں نے کہا کہ چندروز قبل بلدیہ ٹاؤن میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر پولیس نے ایک مکان پر چھاپہ مارا جہاں دہشت گردوں نے پولیس پر فائرنگ کردی،پولیس کا ان دہشت گردوں سے مقابلہ ہوا اور مقابلہ کے دوران یہ دہشت گرد مارے گئے،اس مقابلہ میں مغوی ٹرانسپورٹر شوکت آفریدی بھی جاں بحق ہوگیا۔جناب الطاف حسین نے کراچی میں طالبانائزیشن کے ثبوت کے طور پر انگریزی روزنامہ ''ہیرالڈ'' کے ستمبر 2008ء کے شمارے میں صفحہ نمبر 44 پر بمعہ تصویر شائع ہونے والی ایک خصوصی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہیرالڈ کے رپورٹر نے کراچی کے علاقوں پختون آباد اور سطان آباد کا دورہ کرکے وہاں لوگوں کے انٹرویوز کئے ہیں اور واضح الفاظ میں بتایا ہے کہ پختون آباد اور سطان آباد میں طالبان کا نظام قائم ہوچکا ہے،وہاں سی ڈیز کی دکانیں بند کرادی گئی ہیں اور کیبل آپریٹرز کو دھمکی دی گئی ہے کہ وہ ان علاقوں میں کیبل بند کردیں۔انہوں نے کہا کہ ہیرالڈ کے تازہ شمارے میں شائع ہونے والی یہ رپورٹ اس بات کا ایک اور ثبوت ہے کہ کراچی میں طالبانائزیشن کا عمل تیزی سے شروع ہوچکا ہے جس کے ثبوت بھی اب سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں مگر پولیس اور سرکاری ایجنسیوں کے حکام کہتے ہیں کہ ان کے پاس ایسی کوئی اطلاع نہیں ہے۔جناب الطاف حسین نے حاظرین سے کہا کہ وہ خود بھی ہیرالڈ کے تازہ شمارے میں شائع ہونے والی یہ رپورٹ پڑھیں اور اپنے اہل خانہ اور دوست احباب کو بھی اس رپورٹ کو پڑھائیں اور انہیں بتائیں کہ کراچی میں طالبانائزیشن کا عمل کس قدر تیز ہوگیا ہے۔انہوں نے کارکنوں سے مزید کہا کہ طالبانائزیشن کے اس بڑھتے ہوئے عمل کے پیش نظر آپ پاکستان میں اپنے اہل خانہ سے کہیں کہ وہ اپنے گھر اور ماؤں،بہنوں بیٹیوں اور بچوں کی حفاظت کیلئے اسلحہ کے لائسنس بنوائیں اور جہاں دیگر چیزوں پر پیسہ خرچ کرتے ہیں وہیں اپنے بال بچوں اور اپنے گھر کی حفاظت کیلئے بھی بندوبست کریں۔جناب الطاف حسین نے ایک بار پھر واضح الفاظ میں کہا کہ کراچی،باجوڑ یا فاٹا نہیں ہے،ہم کراچی میں طالبان کا نظام مسلط نہیں ہونے دینگے اور اگر طالبان نے کراچی کے علاقوں پر حملہ کیا تو ہم شریعت کے مطابق اپنا بھرپور دفاع کریں گے اور اپنے دفاع کے اس عمل میں خواتین بھی مردوں کے شانہ بشانہ شریک ہوں گی۔انہوں نے یوکے یونٹ کے کارکنوں سے کہا کہ وہ اپنے اپنے علاقوں کے برطانوی ارکان پارلیمنٹ سے ملاقاتیں کرکے انہیں بھی کراچی میں ہونے والی طالبانائزیشن کی سازشوں سے آگاہ کریں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ یوکے یونٹ کے کارکنوں میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے اور دیگر قومیتوں کے لوگ بھی ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں جس پر میں یوکے یونٹ کے کارکنوں اور ذمہ داروں کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش

کرتا ہوں۔انہوں نے تقریب کے شرکاء کو عیدالفطر کی پیشگی مبارکباد پیش کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آپ کے روزوں،نمازوں اور رمضان المبارک میں کی گئی تمام عبادتوں کو قبول فرمائے۔دعوت افطار سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد،سید طارق میر،مصطفےٰ عزیز آبادی اور ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے بھی خطاب کیا۔

## عیدالفطر کے احترام میں لڑائی کا سلسلہ بند کیا جائے،الطاف حسین
## قبائلی علاقہ جات کے جنگجوؤں اور عسکریت پسندوں سے دردمندانہ اپیل

لندن۔۔۔29،ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے قبائلی علاقہ جات سے تعلق رکھنے والے جنگجوؤں سے اپیل کی ہے کہ عیدالفطر کے احترام میں لڑائی کا سلسلہ بند کیا جائے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ فاٹا،شمالی وجنوبی وزیرستان،باجوڑ اور دیگر قبائلی علاقہ جات میں جہاں مختلف گروہوں اور عسکریت پسندوں کے درمیان لڑائی اور ایک دوسرے کے خلاف گولہ بارود کے استعمال کا سلسلہ جاری ہے وہاں امن وامان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے۔انہوں نے اللہ کا واسطہ دیکر قبائلی علاقہ جات سے تعلق رکھنے والے جنگجوؤں اور عسکریت پسندوں سے دردمندانہ اپیل کی کہ وہ عیدالفطر کے احترام میں لڑائی کا سلسلہ بند کردیں۔

## طالبانائزیشن: کراچی کے عوام ماہنامہ ہیرالڈ کی اسٹوری کا مطالعہ ضرور کریں،رابطہ کمیٹی
## ماہنامہ ہیرالڈ میں شائع ہونے والی خبر جناب الطاف حسین کے خدشات کی سچائی کا کھلا ثبوت ہے

کراچی۔۔۔29،ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش سے نہ صرف خود آگاہ رہیں بلکہ دوسروں کو بھی آگاہ رکھیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین گزشتہ کئی ماہ سے عوام کو صوبہ سندھ کے دارالخلافہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش سے آگاہ کررہے ہیں جسے بعض عناصر کی جانب سے بے بنیاد قرار دیا جاتا رہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جناب الطاف حسین کراچی میں طالبانائزیشن کے حوالہ سے جن تحفظات کا اظہار کررہے ہیں اگر کسی شہری کو اس حوالہ سے ثبوت کی ضرورت ہے تو وہ ماہنامہ ہیرالڈ کے ستمبر 2008ء کا شمارہ خریدلیں اور اس شمارے کے صفحہ نمبر 44،45 اور 46 میں شائع ہونے والے اسٹوری''The Long Shaddow of the North'' کا مطالعہ ضرور کرلیں جس کے مطابق کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش پر تیزی سے عملدرآمد کیا جارہا ہے اور کراچی کے دوعلاقوں سلطان آباد اور پختون آباد میں طالبان کا نظام نافذ کردیا گیا ہے۔ماہنامہ ہیرالڈ میں شائع ہونے والی خبر جناب الطاف حسین کے خدشات کی سچائی کا کھلا ثبوت ہے۔رابطہ کمیٹی نے کراچی کے ایک ایک شہری سے اپیل کی کہ وہ اس خبر کا مطالعہ ضرور کریں تاکہ انہیں آگہی ہوسکے اور وہ دوسروں کو بھی آگاہ کرسکیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کے خلاف اپنی بساط سے بڑھ کر جدوجہد کررہی ہے اور عوام میں شعوری بیداری پھیلارہی ہے تاہم آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل اور کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے ایک ایک شہری کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔

## ایم کیوایم سکھر یوسی 4 کے جوائنٹ انچارج حبیب احمد ملک کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔29،ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سکھر زون یونٹ یوسی 4 کے جوائنٹ انچارج حبیب احمد ملک کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے شہید کارکن محسن کی والدہ اورایم کیوایم سکھر یونٹ یوسی 4 کے جوائنٹ انچارج حبیب احمد ملک کے انتقال پررابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29،ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سکھر زون یونٹ یوسی 4 کے جوائنٹ یونٹ انچارج حبیب احمد ملک اورایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن محسن شہید کی والدہ محترمہ وحیدہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔ (آمین)

## ایم کیوایم کے تحت کل بروزمنگل کوحج کوٹے کی قرعہ اندازی ہوگی
## حج درخواستیں جمع کرانے والے خوش نصیب افراد کے ناموں کا اعلان کیا جائے گا

کراچی۔۔۔29،ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پرحق پرست منتخب نمائندوں کو ملنے والے حج کوٹے کی بذریعہ قرعہ اندازی عوام میں تقسیم کی تقریب کل بروزمنگل کو شام 4 بجے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پرمنعقد کی جائے گی اور حج درخواستیں جمع کرانے والے خوش نصیب کے ناموں کا اعلان کیا جائے گا۔یادرہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے تحت حق پرست سینیٹرز اورارا کین قومی اسمبلی کو ملنے والے حج اور ٹیلی فون کوٹہ اقرباء پروری کی نذر کرنے کے بجائے بذریعہ قرعہ اندازی عوام میں تقسیم کیا جاتا رہا ہے تا کہ عوام کوزیادہ سے زیادہ سہولیات میسر آسکیں۔

## پاکستان کاٹن اسٹینڈرڈ انسٹی ٹیوٹ کے دفتر کو کراچی سے ملتان منتقل کرنے کی سازش کا نوٹس لیا جائے،رابطہ کمیٹی
## منتقلی کا مقصد 225 سے زائد خالی اسامیوں کومیرٹ کے برخلاف من پسند افراد کی تقرری کرنا ہے

کراچی۔۔۔29،ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پاکستان کاٹن اسٹینڈرڈ انسٹی ٹیوٹ کے دفتر کو کراچی سے ملتان منتقل کرنے کی سازش کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پاکستان کاٹن اسٹینڈرڈ انسٹی ٹیوٹ 1994ء میں قائم کیا گیا تھا اورآرڈی نینس کے تحت انسٹی ٹیوٹ کے صدر دفتر کیلئے کراچی کا انتخاب کیا گیا تھا جبکہ اس ایکٹ کو 2002ء کے لیگل فریم آرڈر کے ذریعے بھی توثیق کی گئی اور صدر دفتر کراچی میں برقرار رکھا گیا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پاکستان کاٹن اسٹینڈرڈ انسٹی ٹیوٹ کا دفتر کراچی سے اس لئے منتقل کیا جارہا ہے کہ اس میں موجود 225 سے زائد خالی اسامیوں کومیرٹ کے برخلاف من پسند افراد کی تقرری کی جاسکے جس کے باعث کاٹن کے ماہرین اور محنت کشوں میں گہری تشویش پائی جارہی ہے اوران کا معاشی مستقبل خطرے میں دکھائی دے رہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ انسٹی ٹیوٹ میں واقع لیبارٹری اوراس کے ماہرین کراچی میں واقع کپاس سے متعلق اہم اداروں،انجمن ٹریڈنگ کارپوریشن،کاٹن جنرز ایسوسی ایشن،آل پاکستان ٹیکسٹائل مل ایسوسی ایشن،کراچی کاٹن ایسوسی ایشن کو کپاس کی ٹیکنیکل خدمات فراہم کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود انسٹی ٹیوٹ کے صدر دفتر کو کراچی سے منتقل کرنا کھلی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی،گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد،وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اوروزارت ٹیکسٹائل سے مطالبہ کیا کہ ہے کہ پاکستان کاٹن اسٹینڈرڈ انسٹی ٹیوٹ کی 225 سے زائد خالی اسامیوں پر میرٹ کے برخلاف من پسند افراد کی تقرری کیلئے کراچی میں واقع انسٹی ٹیوٹ کے دفتر کو ملتان منتقل کرنے کی سازش کا فی الفور نوٹس لیا جائے،اس سازش کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے اور محنت کشوں اور ماہرین میں پائی جانے والی تشویش کے خاتمے کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا اور گلشن اقبال سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29، ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 153 کے کارکن کامران قیصر کے والد قیصر حسین صدیقی اور ایم کیو ایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 68 کے کارکن سید عمران علی کی والدہ نصیرہ بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین) دریں اثناء فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن کامران قیصر کے والد قیصر حسین صدیقی مرحوم کو آہوں اور سسکیوں کے درمیان یاسینؒ آباد قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ جامع مسجد الماس میں ادا کی گئی،نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب،حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،ٹاؤن ناظم،یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین،کونسلرز،فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اور ہمدردوں کے علاوہ مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆